جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن
کراچی ۵ پاکستان
جامعہ علوم اسلامیہ - پوسٹ بکس نمبر ۳۴۶۵ جمشید روڈ کراچی - www.banuri.edu.pk

شوال کے روزوں کی ابتدا کب کرے؟

سوال

عید کے دوسرے دن سے چھ روزے رکھنے چاہییں یا عید کے تین دن گزر جانے کے بعد روزے رکھنا چاہییں؟

جواب

صرف عید کے دن یعنی یکم شوال کو روزہ رکھنا منع ہے، شوال کی دو تاریخ سے ہی شوال کے چھ روزے شروع کرسکتے ہیں، عید کے تین دن گزرنے کا انتظار ضروری نہیں ہے، شوال کا مہینہ ختم ہونے سے پہلے پہلے چھ روزے رکھنا مستحب ہے، خواہ پے درپے رکھے جائیں یا وقفے وقفے سے، دونوں طرح درست ہے۔ فقط واللہ اعلم

فتوی نمبر : 143909200836

دارالافتاء : جامعہ علوم اسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن